HM Government

Nottingham City Council

# پریوینٹ یعنی روکنا

مل کر انتہا پسندی کو روکنے کےلیے کام کرنا



انتہا پسندی کی عام علامات یہ ہو سکتی ہیں:

- آن لائن انتہا پسند مواد تک رسائی حاصل کرنا یا پروپیگنڈا ڈاؤن لوڈ کرنا
- معاشرتی مسائل کے حل کےلیے تشدد کے استعمال کو درست قرار دینا
- اپنے لباس یا ظاہری انداز کو کسی انتہا پسند گروہ سے مطابقت دینے کےلیے تبدیل کرنا
- ایسے افراد سے بات چیت سے گریز کرنا جنہیں وہ "مختلف" سمجھتے ہوں
- دہشت گرد تنظیموں سے منسلک مخصوص علامات یا علامتی اشیاء کا استعمال کرنا

اگر آپ کو کسی کے بارے میں شبہ ہو کہ وہ انتہا پسندی کا شکار ہو سکتا ہے، تو نوٹس لیں، چیک کریں اور شیئر کریں کے طریقہ کار پر عمل کریں:

نوٹس لیں: ایسے رویے، ظاہری حالت، یا آن لائن سرگرمیوں میں تبدیلیوں کو پہچانیں جو باعثِ تشویش ہوں۔ یہ تبدیلیاں لازمی نہیں کہ انتہا پسندی کی نشانی ہوں، دیگر وجوہات بھی ہو سکتی ہیں۔

چیک کریں: اپنے خدشات کو کسی قابلِ اعتماد ساتھی، منیجر یا سیف گارڈنگ لیڈ کے ساتھ شیئر کریں۔

شیئر کریں: اگر آپ اور آپ کے مینیجر کے اب بھی خدشات برقرار ہوں تو مناسب حکام کو پریوینٹ ریفرل کے ذریعے آگاہ کریں۔





## پریوینٹ یعنی روکنا کیا ہے؟

پریوینٹ کے تین بنیادی مقاصد ہیں: کہ:

- دہشت گردی کے نظریاتی اسباب سے نمٹنا،
- جلد مداخلت کر کے ذریعے انتہا پسندی کا شکار ہونے والے افراد کی مدد کرنا،
- دہشت گردی میں ملوث افراد کو اس راہ سے ہٹانا اور بحال کرنا

پریوینٹ یعنی روکنا ایک حفاظتی جال ہے۔

اس کا مقصد جلدی قدم اٹھانا ہے تاکہ لوگ دہشت گرد نہ بنیں یا دہشت گردی کی حمایت نہ کریں۔

پریویٹ ہر قسم کی دہشت گردی سے نمٹتا ہے، جیسے القاعدہ، داعش، یا دائیں بازو کی انتہا پسندی۔

پریوینٹ مقامی سطح پر ان ماہرین کے ذریعے نافذ کیا جاتا ہے جو اپنی کمیونٹی کے خطرات کو بہتر طور پر سمجھتے ہیں۔ شراکت داروں میں مقامی حکومت، پولیس، تعلیم، صحت اور فلاحی ادارے شامل ہیں۔

ایسے افراد کےلیے جو انتہاپسندی کی طرف مائل ہو سکتے ہیں، پریوینٹ (Prevent) ذاتی نوعیت کی مداخلت فراہم کر سکتا ہے تاکہ وہ خطرناک نظریات سے دور ہو سکیں۔

## ریڈیکلائزیشن (Radicalisation) کیا ہے؟

ریڈیکلائزیشن اس وقت ہو سکتی ہے جب کوئی شخص شدت پسند نظریات یا دہشت گرد گروہوں کی حمایت کرنا شروع کر دے۔

ایک شخص کے انتہاپسند بننے کے کئی طریقے ہو سکتے ہیں، اور لوگ انتہاپسندی کی طرف مائل کرنے والے اثرات سے بالمشافہ یا آن لائن بھی متاثر ہو سکتے ہیں۔

کسی فرد کا انتہاپسندی کی طرف مائل ہونے کا رجحان اُس کی کمزوری سے جُڑا ہو سکتا ہے۔ ایک فرد اُس وقت کمزور سمجھا جا سکتا ہے جب اُسے عمر، معذوری، بدسلوکی یا نظراندازی کے خطرے کی وجہ سے خصوصی نگہداشت، مدد یا تحفظ کی ضرورت ہو۔

## اگر کسی کو پریوینٹ میں ریفر کیا جائے تو کیا ہوتا ہے؟

پولیس فوری سیکیورٹی خطرے اور انتہاپسندی کے حقیقی خطرے کی جانچ کرتی ہے۔

اگر فرد کو انتہاپسندی کا خطرہ نہیں ہوتا تو اسے پریوینٹ کے علاوہ دیگر اقسام کی مدد فراہم کی جا سکتی ہے

اگر انتہاپسندی کا خطرہ ہو، تو مقامی ماہرین کی ایک پینل ریفرل کا جائزہ لے گی۔

اگر پینل فرد کو موزوں سمجھے گا تو اسے چینل نامی ایک رضاکارانہ معاونتی پروگرام میں شامل ہونے کی دعوت دی جائے گی۔

چینل معاونت فراہم کرے گا جیسے مینٹورنگ، مشاورت، تعلیم یا کیریئر کی مدد، یا آن لائن حفاظت کی تربیت۔

کسی کو پریوینٹ میں ریفر کرنے کا مطلب یہ نہیں کہ وہ کسی جرم میں ملوث ہے یا اسے مسئلہ ہوگا۔ پریوینٹ لوگوں کو سزا دینے کی کوشش نہیں کرتا اور پروگرام میں شامل ہونے سے انہیں کوئی مجرمانہ ریکارڈ نہیں ملے گا۔ پریوینٹ لوگوں کو وہ مدد فراہم کرتا ہے جس کی انہیں ضرورت ہوتی ہے تاکہ وہ خود کو اور دوسروں کو انتہا پسندی کے خطرات سے بچا سکیں۔

اگر آپ کو فکر ہے کہ آپ کے جاننے والے میں انتہاپسندی کا رجحان پیدا ہو رہا ہے، تو مشورے کےلیے **Prevent@nottinghamcity.gov.uk** پر ای میل کریں۔ آپ کی فراہم کردہ معلومات ہمیشہ خفیہ رکھی جائیں گی۔

جو بھی شخص انتہاپسندی کی طرف جا رہا ہو، اسے پریوینٹ پروگرام کےلیے ریفر کیا جا سکتا ہے اور کوئی بھی اس ریفرل کو کر سکتا ہے۔ کسی کو ریفر کرنے سے یہ یقینی بنتا ہے کہ وہ اور دوسروں کی حفاظت کےلیے انہیں مدد ملے۔

انتہاپسندی کے بارے میں مزید جاننے کےلیے **gov.uk/prevent** پر جائیں۔

مشورہ کےلیے، یا حوالہ دینے کےلیے، **Prevent@nottinghamcity.gov.uk** پر ای میل کریں۔